No. Of Printed Pages : **8**

**7754**

*Register Number* | | | | | | | |

# Language – Part IV – URDU

Time Allowed : 3.00 Hours ]

[ Maximum Marks : 100

**Instructions :** (1) Check the question paper for fairness of printing. If there is any lack of fairness, inform the Hall Supervisor immediately.

(2) Use **Blue** or **Black** ink to write and underline and pencil to draw diagrams.

**نوٹ :** (1) صاف طباعت کے لئے پرچہ جانچ لیں۔ طباعت کی مشکل ہو تو امتحان ہال کے نگران کو اطلاع دیں۔

(2) سیاہ یا نیلی روشنائی کا استعمال لکھنے کے لئے کریں۔

## PART - I / حصہ - اوّل

**[15 Marks]**

**(الف)** صحیح جواب منتخب کیجئے : **15x1=15**

(Choose the **correct** option.)

**1.** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شخصیت پورے عالم کے لئے __________ کی حیثیت رکھتی ہے۔

(الف) اسوۂ کامل (ب) اسوہ (ج) نمونہ

**2.** ہجرت کے موقع پر لوگوں کی امانتیں واپس کرنے کے لئے آپ ؐ نے __________ کو مقرر فرمایا۔

(الف) حضرت عمرؓ (ب) حضرت علیؓ (ج) حضرت عثمانؓ

**3.** __________ خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پہ دم نکلے

(الف) ہزاروں (ب) لاکھوں (ج) کروڑوں

**4.** دعوت و ہدایت کی ایک __________ شفق لے کر میرے مصطفیٰؐ آئے

(الف) غمگین (ب) حسین (ج) بہترین

[ Turn over

https://www.tamilnaduboard.com

(ب) خالی جگہ بھرتی کرو :

(Fill in the blanks.)

**5.** اس دل کی ہر خوشی پر ________ کا عیش قربان

**6.** پھیلا ہوا ہے ________ نزدیک و دور تیرا

(ج) جوڑ لگایئے:

(Match the following.)

| | (الف) | | (ب) |
|---|---|---|---|
| **7.** | حضرت محمدؐ چالیس سال کی عمر میں | (i) | اللہ کی |
| **8.** | طائف کے مقام پر | (ii) | اخلاق و شرافت سے عاری تھی |
| **9.** | چودہ سو سال پہلے ساری دنیا | (iii) | منصب رسالت پر فائز ہوئے |
| **10.** | حمد میں تعریف کی جاتی ہے | (iv) | اوباشوں کو آپؐ کے پیچھے کر دیا |

(د) مختصر جواب لکھئے :

(Write in brief.)

**11.** اسم کی کتنی قسمیں ہیں ؟

**12.** زمانے کے اعتبار سے فعل کی کتنی قسمیں ہیں ؟

**13.** مرزا غالبؔ کہاں پیدا ہوئے ؟

**14.** ''محبت'' کی ضد کیا ہے ؟

**15.** ''خط'' کی جمع لکھئے۔

https://www.tamilnaduboard.com

## PART - II / حصہ - دوّم

**[18 Marks]**

### SECTION - 1

صرف چار **(4)** کے جوابات لکھئے : **4x2=8**

(Answer **any four** questions.)

**16.** ہم نے اردو زبان کو کہاں سے سیکھا ہے ؟

**17.** کفر کے اندھیرے میں محمد مصطفیٰ کیا لے کر آئے ؟

**18.** پھولوں میں کس کا حسن ہے اور تاروں میں کس کا نور ہے ؟

**19.** قیامت کے دن سارے بادشاہ خدا کے سامنے کیسے کھڑے ہونگے ؟

**20.** فاعل کی علامت کیا ہے ؟

**21.** آصف کی ماہانہ تنخواہ کتنی تھی ؟

### SECTION - 2

ذیل کے سوالوں میں سے کسی پانچ کے جوابات لکھئے۔ **5x2=10**

(Answer **any five** questions.)

**22.** تمل ادب کی تاریخ کتنی پرانی ہے ؟

**23.** انسانی اعضاء کا اہم عنصر کیا ہے ؟

**24.** ایک بالغ انسان کے دماغ کا وزن کتنا ہوتا ہے ؟

**25.** رسول اکرمؐ کو دوست اور دشمن کیا کہہ کر پکارتے تھے ؟

[ Turn over

https://www.tamilnaduboard.com

26. حضرت محمدؐ کس عمر میں رسالت کے منصب پر فائز ہوئے ؟

27. رسول اللہؐ کو اللہ تعالیٰ نے دنیا میں کیا بنا کر بھیجا ؟

28. مکّہ سے مدینہ کی طرف ہجرت کے موقع پر آپؐ کے ساتھ کون تھے ؟

## PART - III / حصہ - سوم

**[18 Marks]**

### SECTION - 1

**2x3=6**

ذیل کے اشعار میں سے کسی دو کے بحوالۂ متن تشریح کیجئے :

(Explain **any two** couplets with reference to the context.)

29. آغوشِ مادری میں سیکھا ہے ہم نے اس کو
دل کا لہو پلا کر پالا ہے ہم نے اس کو

30. کفر تھا، ضلالت تھی، مالک حقیقی سے، ہر طرف بغاوت تھی
بولہب کی بستی میں، پیار کا سبق لے کر، میرے مصطفےٰ آئے

31. سرسبز جھاڑیوں میں، گل پوش وادیوں میں
ہر سو تیری تجلّی ہر جا ظہور تیرا

### SECTION - 2

**2x3=6**

صرف دو کے جواب لکھئے۔

(Answer **any two** questions.)

32. کہاں کہاں خدا کی تجلیات کا ظہور ہوتا ہے ؟

33. زندگی کا دارو مدار کس بات پر منحصر ہے ؟

34. (الف) اپنی مدد آپ کے چند فوائد لکھئے۔

یا

(ب) کثافت میاں کہاں کہاں گندگی پھیلا رہے تھے ؟

https://www.tamilnaduboard.com

## SECTION - 3

2x3=6

کسی دو سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔

(Answer **any two** of the following questions.)

**35.** محاورات اور ضرب الامثال کے معنی لکھئے :

(i) آب آب ہونا

(ii) جان پر کھیلنا

(iii) جیسی کرنی ویسی بھرنی

(iv) خدا کی لاٹھی میں آواز نہیں

**36.** معنی کے لحاظ سے فعل کی کتنی قسمیں ہیں اور وہ کیا ہیں ؟

**37.** ذیل کی مثالوں سے سابقے اور الفاظ الگ کیجئے :

بےعقل ، اہلِ علم ، پُرنور ، لاپتہ ، باقاعدہ ، بدچلن

## PART - IV / حصہ - چہارم

5x5=25 **[25 Marks]**

کسی ایک نظم کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے :

(Write the summary of **any one** poem.)

**38.** (a) حافظ باقوی کی ''حمد'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے۔

یا

(b) نظم ''ایک آرزو'' میں علامہ اقبال نے کس طرح کی منظر کشی کی ہے ؟

[ Turn over

https://www.tamilnaduboard.com

**39.** ذیل میں سے کسی حصے کے اشعار اپنی یادداشت سے لکھو۔

(a) پھولوں میں حسن ------ نام اے غفور تیرا

یا

(b) ہندوستان کی بیٹی ------- اردو زباں ہماری

**40.** ذیل کی عبارت کو بغور مطالعہ کیجئے اور سوالات حل کیجئے۔

آج ہم جس مشہور شخصیت سے متعلق معلومات حاصل کرنے جارہے ہیں، ان کا نام ابن سینا ہے۔ ان کو بوعلی سینا بھی کہا جاتا ہے۔ اہل مغرب نے ان کے نام کو تحریف کر کے AVICENNA بنادیا۔ کیا آپ اس نام کو پڑھ کر یہ کہہ سکتے ہیں کہ یہ مسلمان ہیں ؟

امام بوعلی سیناؒ 980ء مطابق 370 ھ میں بخارا (موجودہ ازبکستان) کے ایک شہر خرشین میں پیدا ہوئے۔ آپ کا اصلی نام حسین بن عبداللہ تھا۔ امام بوعلی سینا ایک مشہور حافظِ قرآن، فقیہہ دین، ماہر الطبعیات، ریاضی داں اور ڈاکٹر گزرے ہیں۔ دس سال کی عمر میں قرآن حفظ کیا۔ آپ دنیا کے پہلے ڈاکٹر ہیں۔ آپ کی لکھی عظیم کتاب ''القانون فی الطب'' ہے۔ اس کتاب کی کل پانچ جلدیں ہیں۔ 1012ء میں انہوں نے اسے لکھنا شروع کیا اور 1024ء میں اس کی تمام جلدیں مکمل ہوئیں۔

**سوالات :**

(i) امام بوعلی سیناؒ کب اور کہاں پیدا ہوئے ؟

(ii) دنیا کے پہلے ڈاکٹر کا نام بتایئے۔

(iii) امام بوعلی سینا نے کس عمر میں قرآن حفظ کیا ؟

(iv) آپ کی لکھی ہوئی کتاب کا کیا نام ہے ؟

(v) ''القانون فی الطب'' ۔ اس کتاب کی کُل کتنی جلدیں ہیں ؟

https://www.tamilnaduboard.com

**41.** انگریزی محاورے اردو میں ترجمہ کیجئے :

(Translate into Urdu.)

(i) Plants are green in colour.

(ii) Plants prepare their own food.

(iii) Plants give us pure air.

(iv) They are helpful in keeping the environment clean.

**42.** درج ذیل سے کوئی ایک خط تحریر کیجئے :

[Write **any one** of the letters]

(a) درج ذیل اشتہار کی روشنی میں ملازمت (نوکری) حاصل کرنے کے لئے ایک درخواست لکھئے۔ نام کی جگہ الف الف الف اور پتہ کی جگہ ج۔ج۔ج لکھا جائے۔

| |
|---|
| **ضرورت ہے**<br>ایک کمپنی کی نئی برانچ کے لئے سیلز مین کی۔ جو کپڑوں کے فروخت کرنے میں مہارت رکھتا ہو۔ کم از کم قابلیت کسی بھی اعلیٰ یونیورسٹی سے ڈگری کا حامل ہو۔ دو سال کا تجربہ رکھتا ہو۔<br>درخواست اس پتہ پر بھیجی جائے :<br>ٹی سلک ہاؤس، 20- رام نگر - کوئمبتور |

یا

(b) اپنے استاد کے نام خط لکھئے جس میں دو دن کی چھٹی کی درخواست کی گئی ہو۔

| Turn over

https://www.tamilnaduboard.com

## PART - V / حصہ - پنجم

3x8=24 (24 Marks)

**43.** ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے :

[Write the summary of **any one** lesson]

(a) حضور اکرم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم رحمت ورافت کے آئینے میں۔ تفصیل سے لکھئے۔

یا

(b) دماغ کے کتنے حصے ہوتے ہیں ؟ اور اس کے وزن میں کتنی بار تبدیلیاں واقع ہوتی ہیں؟ تفصیل سے لکھئے۔

**44.** (سرسری مطالعہ) ذیل میں سے کوئی ایک خلاصہ تحریر کیجئے :

[Answer **any one**]

(a) ''اونچی اُڑان'' کہانی کا خلاصہ لکھئے۔

یا

(b) ''جڑواں بھائی'' کہانی کا خلاصہ لکھئے۔

**45.** کوئی ایک مضمون لکھئے:

(a) ''آلودگی کے اسباب اور روک تھام''

یا

(b) ''والدین رحمت ہیں''

- o O o -

https://www.tamilnaduboard.com